یونیورسٹی آف گجرات

نوٹس برائے الحاق/تجدید الحاق کالجز برائے سیشن 2024-2025

یونیورسٹی آف گجرات کے ساتھ الحاق/تجدید الحاق کے لیے درج ذیل پروگرامز میں معیاری تعلیمی اداروں سے درخواستیں مطلوب ہیں

ASSOCIATE DEGREE PROGRAM (Arts, Science & Commerce) (Under Annual System)

BS PROGRAMMES (Under Term System 04 Years Programs)

- English
- Mass Communication
- Islamic Studies
- Physical Education & Sports Sciences
- Computer Science
- Information Technology
- Software Engineering
- Mathematics
- Biotechnology
- Biochemistry and Molecular Biology
- Bachelor of Business Administration
- Accounting & Finance
- Banking & Finance
- Commerce
- IHRM
- Chemistry
- Physics
- Zoology
- Botany
- Geography
- Environmental Science
- Statistics
- Psychology
- International Relations
- Political Science
- Sociology
- Economics
- Fine Arts
- Bachelor in Education

1- یونیورسٹی آف گجرات ایک پبلک سیکٹر یونیورسٹی ہے جس کا قیام پنجاب اسمبلی کے ACT IX 2004 کے تحت عمل میں آیا جس کی حدود پورا صوبہ پنجاب ہے۔

2- صوبہ پنجاب کی حدود میں واقع پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ کالجز جو یونیورسٹی آف گجرات کے ساتھ الحاق کروانا چاہتے ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کالجز کے الحاق کے لیے درخواستیں بمعہ مطلوبہ دستاویزات آن لائن بینک چالان/بینک ڈرافٹ مالیتی -/10,000 روپے (پروسیسنگ فیس ناقابلِ واپسی) 14 جون 2024 تک جمع کرواسکتے ہیں۔

3- یونیورسٹی آف گجرات سے پہلے سے الحاق شدہ تعلیمی ادارے مندرجہ ذیل کے لیے درخواست 14 جون 2024 تک جمع کرواسکتے ہیں۔

a) نئے مضامین/پروگرام میں الحاق　b) الحاق کی مدت میں توسیع　c) نشستوں کی تعداد میں اضافہ

4- یونیورسٹی آف گجرات کی حدود سے باہر کالجز بھی علاقائی یونیورسٹی اور حکومت کی اجازت سے الحاق/تجدید الحاق کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

5- موجودہ سیشن سے الحاق وتجدید الحاق کے لیئے HEC Institutional Affiliation Policy 2024 تجویدشدہ ہے اور کالجز کے الحاق وتجدید الحاق کی درخواست کی منظوری/پروسیسنگ مذکور بالا پالیسی کی متعلقہ فورم سے منظوری سے مشروط ہے

6- یونیورسٹی سے الحاق/تجدید الحاق سے متعلقہ قوانین یونیورسٹی آف گجرات کی ویب سائٹ www.uog.edu.pk پر دستیاب ہیں نیز درخواست فارم شعبہ الحاق کمرہ نمبر 105 (ایڈمن بلاک) سے بعوض -/1000 روپے کا آن لائن بینک چالان یا -/1200 روپے کا بینک ڈرافٹ بھیج کر منگوائے جاسکتے ہیں۔

7- درخواست دینے والے ادارے یونیورسٹی آف گجرات کی تحریری اجازت کے بغیر کوئی بھی تعلیمی پروگرام شروع کرنے کے مجاز نہیں۔الحاق وتجدید الحاق کے اجازت نامے کے بغیر کیے گے داخلہ جات کی ذمہ داری کالج انتظامیہ پر ہوگی۔تاوقتیکہ یونیورسٹی کمیٹی اور ایچ ای سی یا متعلقہ کونسل کی شرائط پوری نہ کرلیں۔

8- وہ تمام پروگرامز جن میں کونسلز کی شرائط لاگو ہوتی ہیں ان کے لیے NOC کے بغیر درخواستیں قابل قبول نہ ہونگی البتہ متعلقہ کونسل کے پاس درخواست جمع کروانے کی صورت میں درخواست جمع کرائی جاسکتی ہے۔تاہم اس وقت تک الحاق عارضی/Conditional ہوگا جب تک متعلقہ باڈی سے NOC مہیا نہ کیا جائے گا۔کونسلز سے متعلقہ تمام امور اور NOC وغیرہ کی تمام تر ذمہ داری درخواست گزار کالج پر ہوگی۔مزید برآں ڈی پی آئی کالجز سے تمام اداروں بمع مضامین کی رجسٹریشن لازمی ہے۔اور بی ایس (BS) پروگرامز کے لیے گورنمنٹ آف پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ/ڈی پی آئی کالجز کی طرف سے بھی NOC لازمی ہے۔

9- صرف قواعد وضوابط اور مطلوبہ کاغذات کو پورا کرنے والے اداروں کا دورہ کیا جائے گا۔مزید یونیورسٹی الحاق کمیٹی بغیر وجہ بتائے کسی بھی ادارہ کی درخواست زیرِغور لانے سے معذرت کرسکتی ہے۔

10- پہلے سے الحاق شدہ تعلیمی ادارے جو بی ایس (BS) پروگرامز کے لیے بھی الحاق کروانا چاہتے ہیں ان کو الحاق برائے سال 2024-2025 کے لیے الگ درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔

11- الحاق/تجدید الحاق/نشستوں کی تعداد میں اضافہ/اضافی مضامین و پروگرام کے الحاق کے لیے صرف آن لائن درخواست درج ذیل لنک پر جمع کروانا لازم ہے۔ درخواست دہندہ کالج آن لائن درخواست مکمل جمع کروانے کے بعد اسکی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی بھی شعبہ الحاق کو ارسال کرے گا۔

https://af.uog.edu.pk/uog/register.php

اہم نوٹ:

یونیورسٹی آف گجرات الحاق/تجدید الحاق نشستوں کی تعداد میں اضافہ/اضافی مضامین وپروگرام کے الحاق سے متعلق ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) اسلام آباد اور گورنمنٹ آف پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی وقتاً فوقتاً جاری ہونیوالی ہدایات کے مطابق درخواستوں پر کاروائی عمل میں لاتی ہے اور کسی بھی وقت جاری ہونیوالی ہدایات کو نافذ العمل کرسکتی ہے اور اس پر عمل درآمد کرنا درخواست دہندہ/الحاق شدہ کالج پر لازم ہوگا۔

یونیورسٹی آف گجرات بغیر وجہ بتائے کسی بھی کالج کی درخواست پر کاروائی نہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے

محمد نعیم بٹ (رجسٹرار) یونیورسٹی آف گجرات 053-3643300,053-3643112